SIGN
OF VICTORY

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالھم و ملکھم

نمبر (۶)	مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۱۳ر محرم الحرام سنہ ۱۳۶۱ھ مطابق ۳۱ر جنوری سنہ ۱۹۴۲ء	جلد (۵۵)

حصہ دوم

احکام اجلاس عالیمرتبت منسٹرز و سکریٹریز صاحبان بہادر

(۱)	احکام اجلاس عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر	۲
(۲)	حکم اجلاس عالی مرتبت صاحب چیف میڈیکل آفیسر بہادر	۳
	نقشہ نرخ نامہ اجناس	۴
	ہفتہ وار رپورٹ امراض وبائی	//

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

اعلان

گورنمنٹ آف انڈیا کے منسٹریل سروس (اسسٹنٹ گریڈ) کے داخلہ کے لئے فیڈرل پبلک سروس کمیشن کی طرف سے الہ آباد - بمبئی - کلکتہ - دہلی - لاہور و مدراس میں ۱۴ر جولائی ۱۹۴۲ء سے امتحان ہوگا - درخواستیں ۲۷ر فروری ۱۹۴۲ء سے قبل پہونچنا چاہییں - فارم درخواست و دیگر معلومات صاحب سکریٹری فیڈرل پبلک سروس کمیشن سکاٹ ہاؤس دہلی سے حاصل ہوسکتی ہیں -

اعلان بغرض اطلاع عام اسٹیٹ گزٹ میں شائع کیا جائے

۲۲ر جنوری ۱۹۴۲ء　دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

منظوری اشاعت اعلان

ایک قطعہ اعلان مشمولہ ہذا کی گزٹ ریاست رامپور میں شائع کئے جانے کی منجانب رامپور گورنمنٹ منظوری دی جاتی ہے -

لہذا حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - ایک نقل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے - اصل کاغذات بعد اجرائے احکام محکمہ دار الانشاء کو واپس بھیجے جائیں -

۲۲ر جنوری ۱۹۴۲ء (دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر)

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ دفعہ ۳(۱) قانون تحفظ ہند ریاست رامپور گورنمنٹ رامپور قواعد تحفظ ہند کے قاعدہ ۱۵ - د میں ترمیم مطابق ترمیم مندرجہ نوٹیفکیشن نمبری ۱۷۱ - ایس - ایم - ۱ مورخہ ۱۵ر دسمبر ۱۹۴۱ء مجریہ ڈیفنس کو آرڈینیشن ڈپارٹمنٹ گورنمنٹ ہند منظور کرتی ہے -

حکم اجلاس عالی مرتبت صاحب چیف میڈیکل آفیسر بہادر

اعلان

رامپور میونسپلٹی کے واسطے ایک سند یافتہ ہیلتھ آفیسر کی ضرورت ہے۔ جس کی تنخواہ حسب ابیت [illegible] روپیہ ماہوار ہوگی۔ درخواستیں مطبوعہ فارم پرچھپا دا ہونگی موازی آٹھ آنہ اجلاس عالی مرتبت صاحب چیف میڈیکل افیسر بہادر سے مل سکتا ہے ۱۰ فروری سنہ ۱۹۳۲ء تک اجلاس مذکور میں پیش کریں باشندہ رامپور کو ترجیح دی جائے گی۔

چیف میڈیکل افیسر

نقشہ نرخنامہ اجناس

تحصیل ریاست رامپور من ابتدائے ۱۰ لغایت ۱۶ جنوری سنہ ۱۹۴۲ء

نمبر شمار	نام جنس	نرخ
۱	گندم	۱۰-۴/۳ ار
۲	نخود خالص	۱۰ ار
۳	کسرآمیز نخود	۱۰-۸ ار
۴	کسرخالص	۱۰-۸ ار
۵	ماش	۵ ار
۶	مونگ	۱۰-۴/۳ ار
۷	مکا	۱۰-۹ ار
۸	جئی	۱۴ ار
۹	گوجئی	۹ ار
۱۰	مسور	۸ ار
۱۱	ارہر	۲/۱ ۷ ار
۱۲	چاول	۲/۱ ۴ ار
۱۳	روغن زرد	۱۰/۱۱ ار
۱۴	باجرہ	۹ ار
۱۵	نمک لاہوری	۵ ار
۱۶	نمک سامبر	۹ ار/۱۰ ار
۱۷	قند سیاہ	۷-۱۰ ار
۱۸	روغن سیاہ	۲-۱۰ ار
۱۹	روغن کنجد	۲ ار

ہفتہ وار رپورٹ امراض وبائی آمدہ محکمہ حفظانِ صحت رامپور لغایتہ ۱۷ جنوری سنہ ۱۹۴۲ء

نمبر	مقام	مرض	مبتلائی	اموات	کیفیت
۱	رامپور اسٹیٹ	کالرہ	×	×	
		پلیگ	×	×	
		چیچک	×	×	

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور